سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# کانوں کو گناہوں سے بچانا

13 نومبر، 2025ء



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): فکرِ مدینہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل کانوں کو گناہوں سے بچانے کے متعلق مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور غیبت سے بچنے کی دعا یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شآءَ اللّٰہُ الکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم: مجھ پر دُرُود شریف پڑھو، اللہ پاک تم پر رحمت بھیجے گا۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## کانوں کو گناھوں سے بچانا

نیک عمل نمبر 10: کیا آج آپ نے کانوں کو گناہوں یعنی غیبت، چغلی، گانے باجوں، بُری اور گندی باتوں، موبائل کی میوزیکل ٹیون، کالرٹیون وغیرہ وغیرہ سننے سے بچایا؟

## کانوں کو گناہوں سے بچانے کا مطلب

جن چیزوں کا سننا گُناہ ہے، اُن کو نہ سُننا **کانوں کو گُنَاھوں سے بچانا** ہے۔ مثلاً: یعنی غیبت، چغلی، گانے باجے، بُری اور گندی باتیں، موبائل کی میوزیکل ٹیون، کالرٹیون وغیرہ وغیرہ۔

## آیتِ مبارکہ

اللہ پاک فرماتا ہے:

اِنَّ السَّمْعَ وَ الْبَصَرَ وَ الْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓىٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْــٴُـوْلًا ﴿۳۶﴾ (پارہ: 15، بنی اسرائیل: 36)

ترجَمۂ کنزُالعِرفان: بیشک کان اور آنکھ اور دل ان سب کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔

مَعْلُوم ہوا؛ کان، آنکھ اور دل ان سب کے بارے میں روزِ قیامت حساب لیا جائے گا۔ مثلاً: کان کو

1 ... جامع الصغیر، صفحہ: 310، حدیث: 5032۔

قرآن وحدیث، علم وحکمت، وعظ ونصیحت وغیرہ نیک باتیں سننے میں استعمال کیا یا غیبت سننے، لَغْو اور بیکار باتیں سننے، گانے، باجے اور فحش سننے میں لگایا؟[1]

## فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

رسولِ ذیشان، مکی مدنی سلطان صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: میں نے ایک خواب دیکھا اور یہ حق ہے، مجھے ایک پہاڑ پر لے جایا گیا، وہاں میں نے کچھ ایسے لوگ دیکھے جن کی آنکھیں اور کان کیلوں سے ٹُھکے ہوئے تھے، بتایا گیا: یہ وہ لوگ ہیں جو وہ دیکھتے ہیں جو اِنہیں نہیں دیکھنا چاہیے اور وہ سنتے ہیں جو اِنہیں نہیں سننا چاہیے۔(یعنی ناجائز دیکھتے اور سنتے ہیں)۔[2]

## ناجائز سننے کے متعلق احکام

(1): گناہوں بھری باتیں سننا گناہ ہے۔ **نوٹ:** گانے باجے، غیبت، چغلی اور فحش گوئی وغیرہ جیسے گناہ ہو رہے ہوں، اگر منع کر سکتے ہوں تو منع کیجئے! ورنہ وہاں سے اُٹھ جائیے! اُٹھ بھی نہ سکتے ہوں تو اسے دِل میں بُرا جانیے! (2): کفریہ اشعار والے گانے سُننا سخت ترین حرام بلکہ کفر کی طرف لے جانے والا ہے۔ کفریہ اشعار کو پسند کرنا، اس پر راضی ہونا کفر ہے[3] (3): بلا اِرادہ گانوں کی آواز آئے تو لازِم ہے کہ اس کی طرف تَوَجُّہ نہ کرے، ممکن ہو تو وہاں سے ہٹ جائے[4] (4): سالگرہ، شادی وغیرہ کی ایسی دعوتیں جن کے بارے میں معلوم ہے کہ وہاں گناہوں بھرے معمولات ہوں گے اور وہ منع کرنے سے بھی باز نہ آئیں گے تو ایسی دعوتوں میں شریک ہونا ناجائز و گناہ ہے، مجبوراً ایسی دعوت میں شرکت کرنی ہی پڑ جائے تو گناہ والی جگہ سے دور بیٹھ جائیے۔[5]

---

1 ... تفسیر صراط الجنان، پارہ:15، سورۂ بنی اسرائیل، تحت الآیت:36، جلد:5، صفحہ:463، بتغیر قلیل۔
2 ... معجم کبیر، جلد:4، صفحہ:285، حدیث 7564، ملخصًا۔
3 ... فتاویٰ شارح بخاری، جلد:1، صفحہ:258، بتغیر قلیل۔
4 ... الحدیقۃ الندیہ، جلد:4، صفحہ:393۔
5 ... فتاویٰ رضویہ، جلد:21، صفحہ:609-611، ملخصًا۔

## ناجائز سننے کی وعیدات و نقصانات

❁ **ناجائز سننا** دِل سیاہ کرتا اور جہنّم کا حقدار بناتا ہے ❁ **ناجائز سننا** شرم و حیا میں کمی لاتا، برے خیالات پیدا کرتا اور گناہوں کی رغبت بڑھا دیتا ہے ❁ **ناجائز سننا** دل میں نِفاق پیدا کرتا ہے ❁ **ناجائز سننا** ڈپریشن کا مرض پیدا کرتا ہے ❁ **ناجائز سننا** عقل کم کر دیتا ہے ❁ **ناجائز سننا** دل میں بدگمانیاں پیدا کرتا ہے ❁ **ناجائز سننا** نفرتیں پیدا کرتا اور لڑائی جھگڑوں کا سبب بنتا ہے ❁ **ناجائز سننا** گھروں کا سکون برباد کرتا ہے ❁ **گانے سننے کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے** کہ گانوں میں کفریہ الفاظ بھی ہوتے ہیں ایسے اشعار سُن کر پسند کرنے اور ان پر راضی ہونے سے انسان دائرۂ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔

## ناجائز سننے سے بچنے کے لئے

❁ گانے باجوں کے شوقین، اَوْباش لوگوں کی صحبت سے دُور رہئے! خوفِ خدا رکھنے والے اسلامی بھائیوں کی صحبت اختیار کیجئے! اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! گناہوں سے بچت اور نیکیوں کا شوق نصیب ہو گا ❁ کانوں کو گناہوں میں مشغول کرنے کے نقصانات پر غور کرتے رہیے ❁ سوشل میڈیا، فیس بک، ٹک ٹاک، انسٹاگرام وغیرہ پر اسلامی باتیں مثلاً بیان، نعت یا دیگر دینی ویڈیوز دیکھنے، سننے کے دوران گناہوں بھری ایڈ آگئی تو آواز بند کر دیجئے اور موبائل سے نظریں ہٹا کر اتنی دیر درودِ پاک پڑھیے ❁ ان لوگوں کے اسٹیٹس نہ دیکھئے جو اپنے اسٹیٹس پر گانے باجے یا میوزک وغیرہ لگاتے ہیں ❁ کسی کو کال کی اس پر میوزیکل ٹون (*Musical tunes*) لگی ہے تو موبائل کان سے ہٹا لیجئے ❁ آج کل عموماً بَس وغیرہ میں گانے چل رہے ہوتے ہیں، اَوَّلاً تو حکمتِ عملی کے ساتھ منع کیجئے! نہ رُکیں تو ہینڈ فری وغیرہ کے ذریعے موبائل میں تلاوت و نعت سنیے! یہ بھی نہ ہو تو اس کی طرف بالکل توجہ نہ دیجئے اور دل میں برا جانئے۔

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### غیبت سے بچنے کی دعا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: مجلس میں بیٹھتے اور اٹھتے وقت یہ پڑھ لو..! اس کی برکت سے اللہ پاک ایک فرشتہ مقرر فرمادے گا جو آپ کو دوسروں کی اور دوسروں کو آپ کی غیبت سے باز رکھے گا۔(1)

# اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

## یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُوْرَۃُ الْمُلْک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیح فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُالاِیمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوّابین یا اِشْراق و چاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37): دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟ (39): کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟ (40): ذاتی دوستی تو نہیں کی؟ (41): وقت پر قرض ادا کر دیا؟ (42): عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟ (43): صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟ (44): مسلمانوں کے عُیُوب

---

1 ...القول البدیع، صفحہ: 138۔

کی پردہ پوشی کی؟ (45): بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟ (46): کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللّٰہ پڑھی؟ (47): چوک درس دیا یا سنا؟ (48): والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49): اِسْرَاف سے بچے؟ (50): ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟ (51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟ (52): زبان کے گناہوں سے بچے؟ (53): فضول باتوں سے بچے؟ (54): مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟ (55): عمامہ شریف باندھا؟ (56): ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57): اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟ (58): ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟ (59): ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟ (60): یومِ تعطیل اِعتِکَاف کیا؟ (61): مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟ (62): ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟ (63): ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟ (64): علاقائی دورہ کیا؟ (65): پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟